ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(51)

23-01-2023

**بہاولپور(  ) پولیس انفارمیشن ٹیکنالوجی برانچ کی طرف سے ماہ جنوری 2023 کے پہلے 20 روز میں ای گیجٹ ایپ کی مدد سے چوری اور چھینے گئے لاکھوں روپے مالیت کے 77 موبائل فون ریکور کر کے اصل مالکان کے حوالے کیے گئے۔جرائم پیشہ عناصر کو قانون کے مطابق کیفر کردار تک پہنچانا ہمارا عزم ہے۔ڈی پی او عبادت نثار**

تفصیل کے مطابق ڈی پی او بہاولپور عبادت نثار کی ہدایت پر جرائم پیشہ افراد کی سرکوبی کا سلسلہ جاری ہے ۔ماہ جنوری 2023 کے پہلے 20 روز میں بہاولپور پولیس نے ای گیجٹ کی مدد سے لاکھوں روپے مالیت کے 77 موبائل فون ریکور کر کے اصل مالکان کے حوالے کیے۔پنجاب پولیس کے ای گیجٹ ایپ کا استعمال موثر ثابت ہورہا ہے ۔موبائل فون چوری یا چھین لیا جائے تو اس کو اب آسانی سے ریکور کیا جاسکتا ہے۔پنجاب پولیس نے ای گیجٹ نام کی موبائل ایپ متعارف کرائی ہے جسے آسانی سے پلے سٹور سے مفت ڈان کیا جاسکتا ہے،جس کے بعد کوئی بھی دکاندار اس کی مدد سے باآسانی جان سکے گا کہ اس کے پاس موجود موبائل فون جو کہ فروخت کرنے کیلئے آیا ہے کسی واردات میں ملوث یا چوری کا تو نہیں ہے جس بابت خدشہ ہونے یا یا علم ہونے کی صورت میں فوری متعلقہ پولیس کو اطلاع دی جاتی ہے دور حاضر میں پولیس کی جانب سے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے کئی وارداتیں ٹریس کی جارہی ہیں جو کہ معاشرے میں پولیس کے وقار کو مزید بلند کررہا ہے

ترجمان بہاولپور پولیس




بہاولپور پولیس کی طرف سے ماہ جنوری 2023 کے پہلے 20 روز میں 77 موبائل فون ریکور کر کے اصل مالکان کے حوالے کیے گئے

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(52)

23-01-2023

## بہاول پور ( ) آئی جی پنجاب کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ پولیس لائن میں جنرل پریڈ کا انعقاد۔ پولیس کے چاق و چوبند دستے کی سلامی، اپنے فرائض کے ساتھ ساتھ فٹنس اور ڈسپلن پر خصوصی توجہ دی جائے، ڈی پی او عبادت نثار۔

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی ہدایت پر علی الصبح ڈسٹرکٹ پولیس لائن میں جنرل پریڈ کا انعقاد کیا گیا۔ جنرل پریڈ میں ڈسٹرکٹ پولیس، ایلیٹ، ڈولفن فورس اور ٹریفک اسٹاف نے شرکت کی۔ پولیس کے چاق و چوبند دستوں نے پریڈ کی اور جنرل سلامی دی افسران نے جنرل پریڈ کا ملاحظہ اور ٹرن آوٹ چیک کیا۔ جنرل پریڈ کا مقصد آفیسران و جوانوں کی جسمانی فٹنس کو برقرار رکھنا ہے انہوں نے پریڈ میں شامل آفیسران اور جوانوں سے کہا کہ اپنی صحت اور فٹنس کا خاص خیال رکھیں تا کہ آپ بہتر چاق و چوبند ہو کر فرائض سرانجام دے سکیں۔ بعدازاں ایم ٹی سیکشن میں سرکاری وہیکلز کا معائنہ کیا گیا اور ڈرائیوروں کو سرکاری وہیکلز کی حفاظت کے بارے ہدایات دی گئیں۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور ڈسٹرکٹ پولیس لائن میں جنرل پریڈ کا انعقاد، پولیس کے چاق و چوبند دستے کی سلامی

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (53)

23-01-2023

# بہاولپور()ڈی پی او عبادت نثار کی طرف سے ضلع میں کرائم کنٹرول کرنے کے حوالے سے مختلف مقامات کے علاوہ خارجی اور داخلی راستوں پر مؤثر سنیپ چیکنگ کے احکامات جاری، داخلی وخارجی راستوں پر جدید ٹیکنالوجی کے رجحانات کے تحت سنیپ چیکنگ کی جائے تو جرائم پیشہ عناصر کی ضلع میں آمدورفت نہیں ہوسکتی، ڈی پی او

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کے احکامات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار نے ضلع بھر کے پولیس افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ سنیپ چیکنگ قانون شکنی کی عملی مانیٹرنگ کی پہلی نتیجہ خیز سیڑھی اور ایک بڑا قانونی ہتھیار رہے، سنیپ چیکنگ کو اگر اس کی روح کے مطابق عمل میں لایا جائے تو اس کے مثبت نتائج برآمد ہوسکتے ہیں اور بہت سے جرائم کا قبل از وقت انسداد کیا جاسکتا ہے، ضلع بھر میں قیام امن کو یقینی بنانے کے لئے ضلع کے مختلف مقامات کے علاوہ ضلع کے خارجی اور داخلی راستوں پر مؤثر سنیپ چیکنگ کی ہدایات جاری کیں، سنیپ چیکنگ کرنے والے افسران اگر ماہرانہ انداز میں یہ کام کریں تو ضلع کے داخلی اور خارجی راستوں سے نا کوئی قانون شکن ضلع میں آ سکتا ہے اور نا جا سکتا ہے، انہوں نے کہا کہ مال مویشی چوری، ناجائز اسلحہ اور منشیات کی اسمگلنگ روکنے کیلئے ضلع کے انٹری اور ایگزٹ پوائنٹ انتہائی اہم ہوتے ہیں، اگر سستی، لاپرواہی اور غفلت نا برتی جائے تو مؤثر سنیپ چیکنگ سے جرائم پیشہ عناصر، گینگز بھی پکڑے جاسکتے ہیں جبکہ منشیات اور ناجائز اسلحہ کی ایک جگہ سے دوسری جگہ نقل وحمل روک کر معاشرے کو معاشرتی بدامنی سے بچایا جاسکتا ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس